TUE.31.Oct.2023
VOLUME:18 NO:280
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

waraquetaza.com
www.facebook.com/waraquetazaonline
waraquetaza.com/E-paper

Established: May 1994 قائم شدہ: مئی

روزنامہ

# ورقِ تازہ

ناندیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت

بروز منگل 31/ اکتوبر 2023
جلد:18 شمارہ 280
15 ربیع الثانی 1445ھ
قیمت 00=3 روپے
صفحات:4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in- waraquetazadaily@rediffmail.com
HON'RY EDITOR :Mohd.Taqui (M.A,B.Ed) اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے بی۔ایڈ)

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

الحاج قاضی نوید محی الدین صدیقی
M.: 9960532993
7249532993
کنگن جویلرس
KANGAN JEWELLERS
اسحاق ٹاور، صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔
ہمارے پاس ترکش، کویتی، عربی سونے کے زیورات تیار اور آرڈر کے مطابق بنا کر دیئے جاتے ہیں۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

## کیرالہ بلاسٹ: کوچی کے رہائشی نے دھماکے کی ذمہ داری لی

## پولس اسٹیشن میں خودسپردگی

ترواننت پورم: 30، اکتوبر (ایجنسیز) کیرالہ کے کالامسری میں جمرا انٹرنیشنل کنونشن اینڈ ایگزیبیشن سینٹر میں ہوئے بم دھماکوں کے بعد ہونے والی ایک اہم پیشرفت دوران ایک شخص نے ان دھماکوں کی ذمہ داری قبول کرتے ہوئے تھانے پہنچ کر پولیس کے سامنے خودسپردگی کر دی۔ رپورٹ کے مطابق اے ڈی جی پی (لا اینڈ آرڈر) ایم آر اجیت کمار نے بتایا کہ تھریسور رورل کے کوڈاکارا پولیس اسٹیشن میں ایک شخص نے خودسپردگی کی ہے، جس نے دعویٰ کیا ہے کہ دھماکے اسی نے کروائے تھے۔ رپورٹ کے مطابق سرینڈر کرنے والا شخص کوچی سے تعلق رکھتا ہے اور اس کا نام ڈومینک مارٹن ہے۔ ملزم نے دعویٰ کیا ہے کہ بم اس نے نصب کیا تھا جس کے نتیجے میں ایک خاتون جاں بحق اور 40 افراد زخمی ہوئے۔ زخمیوں میں سے سات کی حالت تشویشناک ہے۔ دریں اثناء کیرالہ کے وزیر اعلیٰ پنارائی وجین نے پیر کو ریاست کے دارالحکومت ترواننت پورم میں دھماکے پر تبادلہ خیال کے لیے ایک آل پارٹی میٹنگ بلائی ہے۔ کیرالہ کے کالامسری کنونشن سینٹر میں اتوار کو ہونے والے دھماکوں کی تحقیقات سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ دھماکے کو انجام دینے کے لیے ٹفن باکس میں رکھے ہوئے دیسی ساختہ بم (آئی ای ڈی) کا استعمال کیا گیا تھا۔ ذرائع نے تصدیق کی ہے کہ یہ خوف و ہراس پھیلانے کی نیت سے کیا گیا۔ دھماکے کے وقت کنونشن سینٹر میں تقریباً دو ہزار افراد موجود تھے۔ کوچی سے نیشنل انویسٹی گیشن ایجنسی (این آئی اے) کی چار رکنی ٹیم موقع پر پہنچ گئی ہے۔ ذرائع نے تصدیق کی کہ نئی دہلی سے این آئی اے کی ایک ٹیم تحقیقات کی ذمہ داری سنبھالنے کے لیے کیرالہ کے لیے روانہ ہوئی ہے۔ پولیس کے مطابق جائے وقوعہ سے متعدد دھماکوں کی اطلاع ملی ہے۔ 'یہوواہ کے گواہوں' کے ماننے والوں کا ایک اجلاس منعقد ہوا۔ دھماکے صبح نو بجے کے قریب ہوئے۔ ہال کو سیل کر دیا گیا ہے اور کیرالہ پولیس کا انسداد دہشت گردی دستہ جائے وقوعہ پر موجود ہے۔ 'یہوواہ کے گواہ' عیسائیوں کا ایک گروہ ہیں جو خود کو پروٹسٹنٹ نہیں سمجھتے۔ یہوواہ کی گواہ کانفرنس ایک سالانہ اجلاس ہے جہاں بڑے اجتماعات منعقد ہوتے ہیں جسے علاقائی کنونشن کہتے ہیں۔ یہ سلسلہ تین دن تک جاری رہتا ہے۔ ذرائع کے مطابق یہ تقریب جمعہ کو شروع ہوئی تھی اور اتوار کو اختتام پذیر ہونی تھی۔

## 'ہم کسی اتحاد کو ریگولیٹ نہیں کر سکتے'،

## الیکشن کمیشن کا 'اِنڈیا' سے متعلق عدالت میں بیان

نئی دہلی: 30، اکتوبر (ایجنسیز) بی جے پی کے خلاف متحد ہوئی 26 پارٹیوں پر مشتمل اپوزیشن اتحاد 'انڈیا' سے جڑی ایک بڑی خبر سامنے آ رہی ہے۔ اپوزیشن اتحاد کا نام 'انڈیا' رکھے جانے پر اعتراض ظاہر کرتے ہوئے عدالت میں جو عرضی داخل کی گئی تھی، اس پر انتخابی کمیشن نے اپنا نظریہ پیش کیا ہے۔ دراصل 'انڈیا' نام کو لے کر دہلی ہائی کورٹ میں 30 ستمبر کو سماعت ہوئی اور اس دوران انتخابی کمیشن نے انتہائی اہم بیان دیا ہے۔ انتخابی کمیشن کا کہنا ہے کہ ہم عوامی نمائندہ ایکٹ 1951 کے تحت کسی بھی اتحاد کو ریگولیٹ نہیں کر سکتے۔ قابل ذکر ہے کہ بزنس مین گریش بھاردواج نے دہلی ہائی کورٹ میں مفاد عامہ عرضی داخل کر اپوزیشن پارٹیوں کے اتحاد کا نام 'انڈیا' رکھے جانے کو لے کر چیلنج کیا تھا۔ اس تعلق سے انتخابی کمیشن نے عدالت میں اپنی بات رکھتے ہوئے کہا کہ انڈین نیشنل ڈیولپمنٹل انکلوسیو الائنس (اِنڈیا) کے نام پر ہم کچھ نہیں کہہ سکتے کیونکہ عوامی نمائندہ ایکٹ 1951 کے سیکشن 29اے کے مطابق اتحاد 'ریگولیٹ ادارے' نہیں ہوتے ہیں۔ گریش بھاردواج کے ذریعہ داخل عرضی میں کہا گیا ہے کہ انتخابی کمیشن نے 'انڈیا' نام کا استعمال کیے جانے پر کوئی کارروائی نہیں کی، اس وجہ سے عدالت کا رخ کرنا پڑا۔ عرضی میں یہ بھی ذکر ہے کہ اپوزیشن پارٹیاں 'انڈیا' نام کا استعمال صرف ووٹ پانے کے لیے کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ اپوزیشن اتحاد 'انڈیا' کی میٹنگ بہار کی راجدھانی پٹنہ، کرناٹک کی راجدھانی بنگلورو اور مہاراشٹر کی راجدھانی ممبئی میں ہو چکی ہے۔ اس اتحاد میں کانگریس، ٹی ایم سی، شیوسینا یو بی ٹی، این سی پی، جنتا دل یو، آر جے ڈی، عآپ اور بایاں محاذ سمیت الگ الگ ریاستوں کی 26 مختلف پارٹیاں شامل ہیں۔ بنگلورو میں 18 جولائی کو ہوئی میٹنگ میں اس اتحاد نے اپنا نام 'انڈیا' رکھا تھا۔

## انتخابی تشہیر کے دوران بی آر ایس رکن پارلیمنٹ پر چاقو سے حملہ، اسپتال میں داخل

سدی پیٹ: تلنگانہ اسمبلی انتخاب کے لیے پیر کو سدی پیٹ ضلع میں انتخابی تشہیر کے دوران بھارت راشٹر سمیتی (بی آر ایس) امیدوار اور رکن پارلیمنٹ کے. پربھاکر ریڈی پر بھیڑ میں سے ایک شخص نے چاقو سے حملہ کر دیا۔ حملے میں ریڈی زخمی ہو گئے جس کے بعد انھیں آناً فاناً میں اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے، جہاں وہ اب خطرے سے باہر بتائے جا رہے ہیں۔ سدی پیٹ میں بی آر ایس رکن پارلیمنٹ کوتھا پربھاکر ریڈی پر ہوئے حملے پر تلنگانہ کی گورنر ڈاکٹر تملسائی سوندر راجن نے کہا کہ ''جمہوریت میں تشدد کی کوئی جگہ نہیں ہے اور ایسے واقعات جمہوریت کے لیے خطرہ ہیں۔'' گورنر نے ڈی جی پی کو انتخابی مدت کے دوران انتخاب لڑنے والے امیدواروں اور انتخابی تشہیر کرنے والوں کی جانچ و سیکورٹی یقینی کرنے کے لیے سخت قدم اٹھانے کی ہدایت دی ہے۔ واقعہ دولت آباد ڈویژن کے سرپلی گاؤں میں اس وقت ہوئی جب میڈک سے لوک سبھا رکن اور اسمبلی انتخاب میں بی آر ایس امیدوار کے. پربھاکر ریڈی ایک گھر سے باہر آ رہے تھے، جب حملہ آور نے ان کے پیٹ میں چاقو مار دیا۔ واقعہ کے بعد وہاں افراتفری مچ گئی۔ حملے کے بعد ریڈی کو شروع میں گجویل اسپتال لے جایا گیا، لیکن وہاں سے حیدرآباد کے لیے منتقل کر دیا گیا۔ حملے کے بعد رکن پارلیمنٹ کے حامیوں نے شخص کو پکڑ لیا اور اس کی پٹائی کر دی۔ حملہ آور کی شناخت راجو کی شکل میں ہوئی۔ حملے کے پیچھے کا مقصد فوری طور پر پتہ نہیں چل پایا ہے۔

## قطر میں سزائے موت پانے والے 8 ہندوستانیوں کے کنبوں سے وزیر خارجہ ایس۔ جے شنکر کی ملاقات

دوحہ: 30، اکتوبر (ایجنسیز) مرکزی وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے قطر میں حراست میں لیے گئے 8 ہندوستانیوں کے کنبوں سے ملاقات کی۔ انھوں نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ کے ذریعہ جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ ''اس بات پر زور دیا گیا کہ حکومت اس معاملے کو بہت اہمیت دیتی ہے۔ کنبوں کی فکروں اور درد کو پوری طرح سے سمجھتی ہے۔ حکومت ان کی رہائی یقینی کرنے کے لیے سبھی کوششیں جاری رکھے گی۔ اس سلسلے میں حکومت سبھی کنبوں کے ساتھ قریبی سے رابطہ بنائے گی۔'' واضح رہے کہ قطر میں جن 8 ہندوستانیوں کو حراست میں لیا گیا ہے، وہ ہندوستانی بحریہ کے سابق اہلکار ہیں۔ سبھی کو جاسوسی کے الزام میں گزشتہ سال حراست میں لیا گیا تھا اور حال ہی میں سزائے موت سنائی گئی ہے۔ اس سے حکومت ہند حیران ہے اور اس معاملے میں متاثرین کے کنبوں اور قانونی ماہرین کے ساتھ مشورہ کر رہی ہے۔ اس درمیان متاثرین کے کنبے چاہتے ہیں کہ وزیر اعظم نریندر مودی معاملے میں مداخلت کریں۔ اس کے علاوہ یونائیٹڈ فرنٹ آف ایکس سروس مین کے ایڈوائزر میجر جنرل (ریٹائرڈ) ستبیر سنگھ نے وزیر اعظم مودی کو خط بھی لکھا ہے۔ ساتھ ہی ستبیر سنگھ نے ایک ویڈیو جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ جن افسران کو موت کی سزا سنائی گئی ہے ان میں کیپٹن نوتیج سنگھ گل، کیپٹن سورو وششٹھ، کیپٹن ویریندر کمار ورما، کمانڈر پورنیندو تیواری، کمانڈر سگنکر پاکلا، کمانڈر سنجیو گپتا، کمانڈر امت ناگپال اور ناوِک راگیش شامل ہیں۔

## کرشنا جنم بھومی۔ شاہی عیدگاہ تنازعہ، سپریم کورٹ میں جلد سماعت

نئی دہلی: سپریم کورٹ نے پیر کے دن کہا کہ وہ الہ آباد ہائی کورٹ کے حکم کو چیلنج کرتی درخواست کی سماعت 10 نومبر کو کرے گی۔ الہ آباد ہائی کورٹ نے کرشنا جنم بھومی۔ شاہی عیدگاہ تنازعہ سے جڑے تمام معاملات خود کو منتقل کرا لئے تھے۔ شاہی مسجد عیدگاہ ٹرسٹ نے اپنی درخواست میں ہائی کورٹ کے 26 مئی کے احکام کو چیلنج کیا۔ جسٹس سنجے کشن کول اور جسٹس سدھانشو دھولیہ کی بنچ پر آج سماعت ہوئی۔ سپریم کورٹ نے 3 اکتوبر کو رجسٹرار ہائی کورٹ سے کہا تھا کہ تمام مقدمات کی ضروری معلومات اس کے سامنے رکھی جائیں۔ پیر کے دن مختصر سماعت میں بنچ کو بتایا گیا کہ ہائی کورٹ کی طرف سے حلف نامہ داخل ہوا ہے۔ سپریم کورٹ بنچ نے کہا کہ ہم اسے دیکھیں گے۔ ہم دیکھنا چاہیں گے کہ ہائی کورٹ کا کیا کہنا ہے۔ سپریم کورٹ نے معاملہ کی سماعت 10 نومبر کو مقرر کی۔

## حماس کے خاتمہ تک

## اسرائیل کا جنگ بندی سے انکار

تل ابیب: 30/ اکتوبر (ایجنسیز) اسرائیلی حکومت نے جنگ بندی کے مطالبات پھر مسترد کر دیے، وزیر اعظم ہاؤس کے ترجمان نے کہا کہ اسرائیل حماس کے خاتمے کے مقاصد پورے ہونے تک وہیں رہے گا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق اسرائیلی حکومت نے جنگ بندی کے مطالبات کو سختی سے مسترد کر دیا ہے، اسرائیلی وزیر اعظم بنجمن نیتن یاہو کے دفتر کے ترجمان نے تصدیق کر دی ہے۔ ترجمان کے مطابق بنجمن نیتن یاہو نے اس بات پر زور دیا ہے کہ 7 اکتوبر سے پہلے کی پوزیشن پر واپسی نہیں ہو سکتی، اسرائیلی افواج غزہ کی پٹی میں ہمیشہ کے لیے موجود رہنے کا ارادہ نہیں رکھتیں، لیکن ہم حماس کو ختم کرنے کے مقاصد پورے ہونے تک وہیں رہیں گے۔ اس سے قبل اسرائیلی وزیر خارجہ ایلی کوہن نے ہفتے کے روز کہا تھا کہ ان کا ملک غزہ کی پٹی میں جنگ بندی کے لیے اقوام متحدہ کے مطالبے کو کلی طور پر مسترد کرتا ہے۔ یاد رہے کہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی جانب سے جمعہ کو ایک قرارداد منظور کی گئی تھی جس میں غزہ میں فوری طور پر ''قابل اعتبار اور پائیدار جنگ بندی'' کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ اسرائیلی وزیر خارجہ ایلی کوہن نے سوشل میڈیا پر اپنی پوسٹ میں جنگ بندی کے لیے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کا مطالبہ نفرت انگیز قرار دیا تھا، واضح رہے کہ ترکی، فلسطین، مصر، اردن، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات (یو اے ای) سمیت تقریباً 50 ممالک کی جانب سے پیش کی جانے والی قرارداد کے حق میں 120 ووٹ دیے گئے تھے جب کہ مخالفت میں صرف 14 ووٹ آئے، جب کہ 45 ممالک نے حصہ نہیں لیا۔

## منیش سسودیا کو سپریم کورٹ کا جھٹکا

## عدالت نے ضمانت دینے سے انکار کر دیا

نئی دہلی: 30، اکتوبر (ایجنسیز) دہلی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ منیش سسودیا کی ضمانت کی درخواست پر 30 اکتوبر کو سپریم کورٹ میں سماعت ہوئی۔ سماعت کے بعد سپریم کورٹ نے سسودیا کی طرف سے دائر ضمانت کی درخواست کو مسترد کر دیا۔ جسٹس سنجیو کھنہ اور جسٹس ایس وی این بھٹی کی بنچ نے سنٹرل بیورو آف انویسٹی گیشن (سی بی آئی) اور انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ (ای ڈی) کے ذریعہ سسودیا کے خلاف زیر تفتیش مقدمات پر اپنا فیصلہ سنایا ہے۔ سپریم کورٹ نے اس سے قبل سی بی آئی اور ای ڈی سے مبینہ دہلی ایکسائز پالیسی اور سسودیا کے خلاف مقدمات کے بارے میں کئی سوالات پوچھے تھے۔ سسودیا شراب گھوٹالہ میں فروری سے جیل میں ہیں۔ اس مہینے کے شروع میں، سپریم کورٹ نے سسودیا کی درخواست ضمانت پر اپنا فیصلہ محفوظ رکھا تھا۔ سسودیا نے اپنے خلاف دو الگ الگ مقدمات میں ضمانت کی درخواست کی ہے۔ ان میں سے ایک معاملہ سی بی آئی اور دوسرا معاملہ ای ڈی نے دائر کیا ہے۔ حالانکہ سپریم کورٹ نے دہلی کے سابق نائب وزیر اعلیٰ کی ضمانت کی درخواست مسترد کر دی ہے۔ تاہم عدالت نے ہدایت دی ہے کہ سسودیا کے خلاف مقدمہ 6 سے 8 ماہ کے اندر مکمل کیا جائے۔ اگر ٹرائل کا عمل سست رہتا ہے تو سسودیا تین ماہ کے اندر دوبارہ ضمانت کے لیے عرضی دائر کرنے کے حقدار ہوں گے۔ ایسے میں اب دیکھنا یہ ہے کہ سیسودیا تین ماہ بعد دوبارہ عدالت پہنچتے ہیں یا نہیں۔ دراصل منیش سسودیا دہلی شراب گھوٹالہ میں فروری سے جیل میں ہیں۔ جب ان کی ضمانت کی سماعت 17 اکتوبر کو ہوئی تو عدالت نے اپنا فیصلہ محفوظ کر لیا۔ سسودیا پر دہلی کی شراب پالیسی میں بدعنوانی اور منی لانڈرنگ کا الزام ہے۔ پچھلی سماعت میں سسودیا کے وکیل ابھیشیک منو سنگھوی نے کہا تھا کہ ان کے مؤکل کے خلاف کوئی ثبوت نہیں ہے اور اس گھوٹالے سے ان کا کوئی لینا دینا نہیں ہے۔ پھر بھی اسے ملزم بنایا گیا ہے۔ دہلی شراب پالیسی گھوٹالے میں گرفتار ہونے والے سیسودیا واحد لیڈر نہیں ہیں۔ حال ہی میں عام آدمی پارٹی کے راجیہ سبھا ایم پی سنجے سنگھ کو بھی ای ڈی نے گرفتار کیا تھا۔ ای ڈی نے اسے اس گھوٹالے سے بھی جوڑا تھا۔ سنجے سنگھ بھی ابھی تک حراست میں ہیں۔ عام آدمی پارٹی نے اپنے لیڈروں کے خلاف الزامات کو یکسر مسترد کیا ہے۔

## اسرائیل حماس تنازعہ پر سونیا گاندھی کے مضمون پر بی جے پی کی تنقید

نئی دہلی: بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) نے پیر کو کانگریس پر اسرائیل-حماس تنازع پر ہندستان میں سستی اور ووٹ بینک کی سیاست کرنے کا الزام لگایا۔ بی جے پی نے کہا کہ دہشت گردی کی بالواسطہ حمایت کرنا انسانیت اور ہندوستان کے مفادات کے خلاف ہے۔ پارٹی کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے اسرائیل-حماس تنازعہ پر اقوام متحدہ کی حالیہ قرارداد پر ووٹنگ میں ہندوستان کی عدم موجودگی پر کانگریس لیڈر سونیا گاندھی کی حکومت پر تنقید کرنے والے ایک مضمون پر تنقید کی۔ گاندھی نے ایک اخبار میں اپنے مضمون میں کہا ہے کہ ان کی پارٹی غزہ کی پٹی میں انسانیت کے لیے جنگ بندی کا مطالبہ کرنے والی قرارداد پر اقوام متحدہ میں ووٹنگ میں ہندوستان کی عدم موجودگی کے سخت خلاف ہے۔ کانگریس پر سخت حملہ کرتے ہوئے ترویدی نے مغربی ایشیا کے حالات پر ملک پر ووٹ بینک کی چھوٹی سیاست کا الزام لگاتے ہوئے سوال پوچھا کہ کانگریس کے کسی بڑے لیڈر نے آج سے پہلے کسی بین الاقوامی تنازع پر اخبار میں کوئی مضمون کب لکھا تھا؟

## بیڑ میں مراٹھا ریزرویشن کے مظاہرین نے

## این سی پی رکن اسمبلی کا گھر نذرِ آتش کیا، کرفیو نافذ

## وزیر اعلی شندے، سپریا سُلے اور دیگر نے مذمت کی

### بیڑ میں کرفیو نافذ

بیڑ: 30/ اکتوبر۔ (ورقِ تازہ نیوز) مراٹھا برادری کے لیے فوری کنبی ریزرویشن کو لے کر بیڑ ضلع میں احتجاج اور بھوک ہڑتال جاری ہے۔ اتوار کی نصف شب سے احتجاج نے شدید شکل اختیار کر لی ہے۔ سرکاری اور نجی املاک کو نقصان پہنچنے کی وجہ سے کلکٹر دیپا مدھول نے پیر کی رات آٹھ بجے فوری کرفیو نافذ کر دیا ہے۔ اس حکم کے جاری ہونے کے بعد محکمہ پولیس نے اس پر عمل درآمد شروع کر دیا۔ ضلع میں مراٹھا ریزرویشن کے لیے تحریک چل رہی ہے۔ لیکن اس تحریک نے پرتشدد رخ اختیار کر لیا ہے۔ دریں اثناء مظاہرین نے پیر کو مختلف سرکاری دفاتر تک مارچ کیا اور دفاتر کو بند کر دیا۔ بعض مقامات پر دفاتر کو آگ لگا دی گئی اور پتھراؤ کیا گیا۔ جس کی وجہ سے سرکاری اور نجی املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ اس لیے ضلع میں جاری احتجاج کی وجہ سے سرکاری اور نجی املاک کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ اس پر یقین رکھتے ہوئے کلکٹر مدھول نے کرفیو کا حکم نافذ کر دیا ہے۔

ممبئی، 30، اکتوبر (ایجنسیز) مہاراشٹر میں مراٹھا کوٹہ کے معاملے پر دوبارہ تشدد کے درمیان این سی پی ایم ایل اے پرکاش سولنکے کے بیڑ ضلع میں واقع گھر میں توڑ پھوڑ کی گئی اور پیر کی صبح گھر کو آگ لگا دی گئی۔ کوٹہ کے حامی کارکن منوج پاٹل کی بھوک ہڑتال پر نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (این سی پی) کے لیڈر کے تبصرے سے مظاہرین مشتعل ہو گئے اور انہوں نے پتھراؤ کیا اور ان کے گھر کے باہر کھڑی گاڑی کو بھی نقصان پہنچایا۔ این سی پی کے قانون ساز نے کہا کہ میں اندر تھا... میرے خاندان یا عملے میں سے کوئی بھی زخمی نہیں ہوا۔ ہم محفوظ ہیں لیکن املاک کا بہت زیادہ نقصان ہوا ہے۔" اطلاع کے مطابق مراٹھا ریزرویشن کی مانگ کرنے والوں کا ایک ہجوم نے پتھراؤ کیا اور پھر بڑے سفید گھر کو مکمل طور پر آگ کی لپیٹ میں لے لیا گیا، جس میں عمارت سے خوفناک حد تک سیاہ دھوئیں کے بادل اٹھ رہے تھے۔ این سی پی لیڈر سپریا سولے نے کہا۔ مسٹر سولنکے کی پارٹی نے آتش زنی کی مذمت کی ہے اور اسے (ریاست) کے وزیر داخلہ کی مکمل ناکامی" قرار دیا ہے۔ یہ مہاراشٹر میں ٹرپل انجن والی حکومت کی ناکامی ہے۔ آج ایک ایم ایل اے کے گھر کو آگ لگا دی گئی ہے... وزیر داخلہ کیا کر رہے ہیں؟ یہ ان کی ذمہ داری ہے..." وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے نے ردعمل ظاہر کرتے ہوئے کہا، "منوج جارنگے پاٹل (مراٹھا کوٹہ کے کارکن) کو اس بات کا نوٹس لینا چاہیے کہ یہ احتجاج کیا موڑ لے رہا ہے... یہ غلط سمت میں جا رہا ہے۔" آج کا تشدد کا شندے کے کہنے کے بعد ہوا ہے کہ ان کی حکومت اس معاملے کو دیکھنے کے لیے ایک ایڈوائزری بورڈ تشکیل دیا جس کی قیادت ریٹائرڈ ججز کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ "یہ بورڈ تجاویز دے گا... کہ مراٹھا ریزرویشن کے بارے میں کیا کیا جا سکتا ہے۔ ہم پسماندہ طبقات کمیشن کی مدد سے تجرباتی ڈیٹا (ریاست کے لیے) بھی جمع کریں گے... تاکہ ہم سپریم کورٹ کو بتا سکیں، زیر التواء میں۔ علاج کی درخواست، (صرف) مراٹھا برادری کتنی پسماندہ ہے..." آج کی میٹنگ مسٹر شندے اور ان کی حکومت کے وزراء کے درمیان تھی۔ ان میں سینا اور این سی پی دونوں دھڑوں کے رہنما شامل تھے، جن کی قیادت بالترتیب وزیر اعلیٰ اور اجیت پوار کر رہے ہیں۔ شندے نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ منگل کو منوج پاٹل کے نمائندے - مراٹھا مورچہ لیڈر جو اپنی برادری کے لیے کوٹہ کا مطالبہ کرنے کے لیے بھوک ہڑتال پر ہیں - مزید بات چیت کے لیے کابینہ کے اراکین سے ملاقات کریں گے، وزیر اعلیٰ شندے نے یہ بھی اعلان کیا، "ہم دو مرحلوں میں تحفظات دیں گے - ایک کنبی ذات کے سرٹیفکیٹ کے ذریعے اور دوسرا معاشی پسماندگی کی بنیاد پر جس کی قانونی جانچ ہوگی۔" دریں اثنا، مراٹھا کوٹہ کے سلسلے میں ہونے والے احتجاج نے پونے میں کھیلے جانے والے کرکٹ ورلڈ کپ کے میچ کو بھی متاثر کیا ہے، جہاں افغانستان سری لنکا کے خلاف کھیل رہا ہے۔ میچ میں رکاوٹوں سے بچنے کے لیے، پولیس سیاہ لباس میں ملبوس ہر ایک کو واپس کر رہی ہے، اس خوف سے کہ وہ کوئی سیاسی بیان دیتے نظر آئیں گے۔

## ٹرین حادثات: 'ہیڈ لائن مینجمنٹ کے ذریعہ کب تک مہلوکین کی تعداد چھپائیں گے؟' مرکز پر لالو پرساد کی تنقید

پٹنہ: 30، اکتوبر (ایجنسیز) اڈیشہ، بہار، اتر پردیش کے بعد اب آندھرا پردیش میں شدید ٹرین حادثہ پیش آیا ہے۔ اس حادثے میں 14 سے زیادہ لوگ ہلاک ہوئے ہیں، جبکہ 50 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔ یہ حادثہ ریاست کے وجئے نگرم ضلع میں ہوا جہاں 2 مسافر ٹرینیں آپس میں ٹکرا گئیں۔ اس شدید حادثہ کے بعد آر جے ڈی چیف اور سابق وزیر ریل لالو پرساد یادو نے مرکزی حکومت کی تنقید کرتے ہوئے اس پر فکر کا اظہار کیا ہے۔ لالو یادو نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک پوسٹ کیا ہے جس میں مرکزی حکومت سے پوچھا ہے کہ ملک میں لگاتار ہو رہے ٹرین حادثات کی ذمہ داری کون لے گا؟ آر جے ڈی چیف نے کہا ہے کہ ''اتوار کو آندھرا پردیش میں دو مسافر ٹرینیں حادثہ کا شکار ہو گئیں جس میں 14 لوگوں کی جان چلی گئی اور 50 سے زائد زخمی ہو گئے۔ میں مہلوکین کے کنبوں کے تئیں گہری ہمدردی ظاہر کرتا ہوں اور زخمی مسافروں کے جلد صحت مند ہونے کی دعا کرتا ہوں۔'' اپنے سوشل میڈیا پوسٹ میں لالو پرساد نے یہ بھی لکھا ہے کہ ''ملک میں لگاتار ہو رہے ریل حادثات کی ذمہ داری کون لے گا؟ ہیڈ لائن مینجمنٹ کے ذریعہ وہ کتنے دنوں تک مہلوکین کی تعداد چھپائیں گے۔ سی اے جی کی رپورٹ کے مطابق ریلوے زبردست خسارے میں ہے۔ انھوں نے (حکومت نے) نجکاری کے ذریعہ انڈین ریلوے کا سب کچھ تباہ کر دیا ہے۔'' واضح رہے کہ وشاکھاپٹنم-پلاسا پیسنجر ٹرین نے اتوار کو وشاکھاپٹنم-رائے گڑا پیسنجر ٹرین کو پیچھے سے ٹکر مار دی جس میں 14 لوگوں کی جان چلی گئی اور دیگر تقریباً 50 مسافر زخمی ہوئے۔ زخمیوں میں کچھ کی حالت سنگین ہے، اس لیے ہلاکتوں کی تعداد میں مزید اضافہ ہونے کا اندیشہ ہے۔

## اب ممبئی میں نظر نہیں آئے گی کالی-پیلی ٹیکسی، 6 دہائی پر مشتمل 'پدمنی پریمیر' کا سفر ختم!



ممبئی: گزشتہ 6 دہائی سے ممبئی کی سڑکوں کی شناخت بن چکی پدمنی پریمیر ٹیکسی کا یادگار سفر 29 اکتوبر کو ختم ہو گیا۔ یعنی آج سے ممبئی میں کالی-پیلی ٹیکسی ایک تاریخ بن گئی ہے۔ کالی-پیلی ٹیکسی کے نام سے مشہور اس ٹرانسپورٹ سروس کو لوگ اب اپنی یادوں میں سنجھو کر رکھیں گے۔ ممبئی میں ٹیکسی کے نئے ماڈلز اور ایپ-بیسڈ کیب سروس میں بھی پدمنی ٹیکسی اب موجود نہیں رہے گی۔ دراصل ممبئی میں ٹیکسی کے لیے عمر کی حد 20 سال ہے۔ چونکہ پدمنی ٹیکسی کا رجسٹریشن 2003 میں ہوا تھا، اس لیے آفیشیل طور پر پیر سے ممبئی کی سڑکوں پر کوئی بھی پدمنی ٹیکسی نظر نہیں آئے گی۔ قابل ذکر ہے کہ جس طرح ڈبل ڈیکر بس اور لوکل ٹرین ممبئی کی شان اور پہچان ہیں، ٹھیک اسی طرح کالی-پیلی ٹیکسی بھی ممبئی میں بہت اہمیت رکھتی ہے۔ کئی بالی ووڈ فلموں میں اس پریمیر پدمنی ٹیکسی کا استعمال کیا گیا ہے۔ حالانکہ اب اس ٹیکسی کو الوداع کہہ دیا گیا ہے، کیونکہ کسی بھی ٹیکسی کو استعمال کرنے کی 20 سال کی مدت کار ہوتی ہے۔ ویسے پریمیر پدمنی کی فی الحال تین ٹیکسی ممبئی میں موجود ہے۔ اس میں سے ایک کے مالک ورلی علاقے میں رہنے والے لکشمن والویکر نے حکومت سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ اس گاڑی کے لیے اور 5 سال مہلت دینی چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ یہ پدمنی ٹیکسی ممبئی کی شان ہے، اسے پوری طرح سے مٹانا درست نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ہی انھوں نے کہا کہ انھیں اس ٹیکسی کے بدلے کوئی دوسری ٹیکسی خرید کر دے تاکہ ان کی روزی روٹی پر اثر نہ پڑے۔ ساتھ ہی انھوں نے مطالبہ کیا کہ پریمیر پدمنی گاڑی کو میوزیم میں رکھا جائے کیونکہ لوگوں کی یادیں اس سے جڑی ہوئی ہیں۔

## بنگلورو: بس اسٹینڈ کے پاس گیراج میں لگی خوفناک آگ، درجن بھر بسیں جل کر خاک!

بنگلورو کے ویر بھدر علاقے میں بس اسٹینڈ کے پاس ایک گیراج میں اچانک آگ لگنے سے افراتفری کا ماحول پھیل گیا۔ اس آگ کی زد میں درجن بھر بسیں آ گئی ہیں۔ بتایا جا رہا ہے کہ آگ سب سے پہلے ایک بس میں لگی اور پھر دیکھتے ہی دیکھتے کئی گاڑیوں کو اس آگ نے اپنی زد میں لے لیا۔ حالانکہ آگ لگنے کی وجوہات کا ابھی تک پتہ نہیں چل سکا ہے۔ آگ لگنے کی خبر ملتے ہی فائر بریگیڈ کے دستے جائے حادثہ پر پہنچ گئے ہیں اور آگ بجھانے کی کوششیں بھی شروع ہو گئی ہیں۔ فائر بریگیڈ دستہ سے جڑے ایک سینئر افسر نے واقعہ کے تعلق سے جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ ''بسیں گیراج میں کھڑی تھیں۔ فائر بریگیڈ موقع پر پہنچ گئی ہے اور آگ بجھانے کی کوششیں ہو رہی ہیں۔ آگ لگنے کی وجہ کا ابھی تک پتہ نہیں چل سکا ہے۔''

## مدھیہ پردیش انتخاب: شیوراج کے وزیر نے برسرعام ماں-بہن کی گالی دی

بھوپال: 30، اکتوبر (ایجنسیز) مدھیہ پردیش میں اسمبلی انتخاب کی سرگرمیاں عروج پر ہیں۔ سیاسی پارٹیوں کا ریلیوں میں مخالفین کی تنقید کا سلسلہ بھی زوروں پر جاری ہے۔ اس درمیان ریاست کی شیوراج حکومت میں وزیر موہن یادو کی ایک ویڈیو سامنے آئی ہے جو سوشل میڈیا پر خوب وائرل ہو رہی ہے۔ موہن یادو ریاستی حکومت میں اعلیٰ تعلیم کے وزیر ہیں جو وائرل ویڈیو میں مبینہ طور پر ماں-بہن کی گالی بکتے دکھائی دے رہے ہیں۔ اس ویڈیو کو شیئر کرتے ہوئے کانگریس کے جنرل سکریٹری سید جعفر نے طنز کستے ہوئے موہن یادو کو گالی باز وزیر قرار دیا ہے۔ سید جعفری نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر لکھا ہے کہ ''شیوراج حکومت کے وزیر برسرعام غنڈہ گردی پر آمادہ، گالی باز وزیر موہن یادو۔'

سب سے بہترین اور بابرکت نکاح وہ ہے جو کم سے کم خرچ میں ہو۔ (حدیث) نکاح کو اتنا آسان بناؤ کہ زِنا مشکل ہو جائے۔ (حدیث)
Socio-Reform & Empowerment Society (SRES), Nanded اصلاح معاشرہ و تعمیر ملت کمیٹی، ناندیڑ کی جانب سے
آسان پیامات کا تعارفی پروگرام
روبرو رشتہ پیامات کیمپ 2023
بتاریخ 12/نومبر 2023، بروز اتوار، صبح 10 تا 4 بجے
Reg.Fees : ₹ 1000/- Only One Time Fees
ضروری کاغذات
بائیوڈاٹا + فوٹو
آدھار کارڈ و ٹی سی زیراکس
سُنّت پیام و کائونسلنگ سینٹر
بمقام زیبا فنکشن ہال، واگھی روڈ، کھڑکپورہ، ناندیڑ
پہلا منزلہ، برکت کامپلیکس، رضا چوک، دیگلور ناکہ روڈ، ناندیڑ
کنوارے لڑکے لڑکیاں (اعلیٰ تعلیم یافتہ اور پروفیشنل)، طلاق شدہ لڑکے لڑکیاں اور بیوہ خواتین و مرد حضرات کے رشتوں کی خدمات دستیاب رہیں گی۔
कुंवारे लडके-लडकीयाँ (आला तालीम याफता और प्रोफेशनल) मुतलक्का लडके/लडकीयाँ और बेवा ख्वातीन व मर्द हज़रात के रिश्तों की खिदमात दस्तीयाब रहेंगी.
Office : 1st Floor, Barkat Complex, Raza Chowk, Degloor Naka Road, NANDED.
Mob. 9226916187, 9960734090, 9422188949, 7875010444, 9518351928, 9665827635

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیوارت کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

